**24-08-2025**

**08.30 Hrs**

**HL-Opening**

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

**(Music)**

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں آسیہ میمونہ

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

--------------------------------------------------------------

1- وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا۔ اصلاح، کارکردگی اور کایا پلٹ سے تحریک لیتے ہوئے بھارت، دنیا کو سست رفتار ترقی سے نکالنے میں مدد کرنے کی پوزیشن میں ہے۔

2- وزیر اعظم نے سائنسدانوں سے اپیل کی ہے کہ وہ گہرے خلا کی کھوج کی تیاری کریں، کیونکہ اب تک دریافت نہیں ہوئے اِن خلائی شعبوں میں انسانیت کے مستقبل کے لیے اہم راز پوشیدہ ہیں۔

3- مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ آج دلّی اسمبلی میں کُل ہند سطح کے اسپیکروں کی کانفرنس کا افتتاح کریں گے۔

4- فجی کے وزیر اعظم **Sitiveni Rabuka** کا آج سے بھارت کا تین روزہ دورہ شروع ہو رہا ہے۔

5- بھارت نے قزاخستان کے **Shymkent** میں ایشین شوٹنگ چیمپئن شپ میں مکسڈ ایئر رائفل مقابلے میں سونے کے تین تمغے حاصل کیے ہیں اور اب بھارتی ٹیم سونے کے 23، چاندی کے 8 اور کانسے کے 10 تمغوں کے ساتھ سرِ فہرست ہے۔

6- آج سے نیویارک میں **US** اوپن ٹینس مقابلے شروع ہو رہے ہیں۔

**(Music)**

اب خبریں تفصیل سے۔

**PM Economy**

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ اصلاح، کارکردگی اور کایا پلٹ سے تحریک لیتے ہوئے بھارت، دنیا کو سست رفتار ترقی سے نکالنے میں مدد کرنے کی پوزیشن میں ہے۔ نئی دلّی میں عالمی لیڈروں کے فورم سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ بھارت جلد ہی دنیا کی تیسری سب سے بڑی معیشت بن جائے گا اور وہ 2047 تک ایک ترقی یافتہ ملک بننے کے مقصد کو حاصل کرنے کے لیے پوری قوت کے ساتھ کام کر رہا ہے۔

**S/B - PM Reform**

جناب مودی نے کہا کہ اگلی نسل کی GST اصلاحات کا عمل، جو قانون کو آسان بنائے گا، دیوالی سے قبل مکمل کر لیا جائے گا اور اس سے قیمتوں میں کمی آئے گی۔

وزیر اعظم نے پرائیویٹ شعبے سے بھی کہا کہ وہ صاف توانائی، کوان ٹم ٹکنالوجی، بیٹری اسٹوریج، جدید میٹیریئلس اور بائیو ٹکنالوجی جیسے شعبوں میں تحقیق اور ترقی میں سرمایہ کاری بڑھائیں۔ انہوں نے کہا کہ اس سے ایک ترقی یافتہ بھارت کے عزم کو تقویت حاصل ہوگی۔ وزیر اعظم نے کہا کہ حکومت جامع اصلاحات کا ایک نیا مجموعہ لانے جا رہی ہے۔

**S/B - 0815 PM - Next Gen**

معیشت کی بنیادوں سے متعلق جناب مودی نے کہا کہ بھارتی کمپنیاں کیپیٹل مارکیٹس سے فنڈس میں اضافہ کر رہی ہیں۔

**S/B - 0815 PM SIP**

وزیر اعظم نے کہا کہ بھارت 2047 تک ایک ترقی یافتہ ملک بننے کے اپنے مقصد کو حاصل کرنے کے لیے پوری قوت کے ساتھ کام کر رہا ہے اور ایک ترقی یافتہ بھارت کی بنیاد، خود کفیل بھارت ہے۔×

**PM Deep Space**

وزیر اعظم نے سائنسدانوں سے اپیل کی ہے کہ وہ گہرے خلا کی کھوج کی تیاری کریں، کیونکہ اب تک دریافت نہیں ہوئے اِن خلائی شعبوں میں انسانیت کے مستقبل کے لیے اہم راز پوشیدہ ہیں۔ کل خلا کے قومی دن کے موقع پر ایک ویڈیو پیغام میں جناب مودی نے کہا کہ بھارت پہلے ہی چاند اور مریخ پر پہنچ چکا ہے اور اب وقت آگیا ہے کہ ہم خلا کے گہرے حصوں کو دریافت کریں۔

**S/B - PM - Space Station**

وزیر اعظم نے نوجوان شہریوں کو بھارت کے **Astronaut Pool** میں شامل ہونے کی دعوت دی۔ انہوں نے پرائیویٹ شعبے سے اپیل کی کہ وہ آگے آئیں اور آئندہ 5 سال میں 5 خلائی **Unicorns**بنائیں۔

انہوں نے کہا کہ فی الحال ہم ہر سال 5 بڑے راکٹ لانچ کرتے ہیں اور کیا ہم ہر سال اس کی تعداد بڑھا کر 50 کر سکتے ہیں، یعنی ہر ہفتے ایک لانچ کریں گے۔×

**Gaganyatri Felicitation**

گگن یان پروگرام کے تحت، بھارت کے پہلے انسانی خلائی پرواز مشن کے لیے منتخب چار خلابازوں کو نئی دلی کے سبروتوپارک ایئرفورس آڈیٹوریم، میں ایک خصوصی تقریب میں اعزاز سے نوازا جائے گا۔

اس تقریب میں گروپ کیپٹن شبھانشو شکلا، پرشانت بالا کرشنن نائر، اجیت کرشنن اور انگد پرتاپ کو خصوصی طور پر اعزاز سے نوازا جائے گا۔ یہ بھارتی فضائیہ کے اعلیٰ تجربہ کار پائلٹ ہیں اور انہوں نے گگن یان مشن کے لیے سخت ٹریننگ حاصل کی ہے۔x

**Amit Shah Conference**

**مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ آج قومی راجدھانی کی دلّی اسمبلی میں کُل ہند سطح پر اسپیکروں کی دو روزہ کانفرنس کا افتتاح کریں گے۔ اس کانفرنس کا اہتمام ملک میں پہلے منتخب کیے گئے اسپیکر کے طور پر وٹھّل بھائی پٹیل کے مرکزی قانون ساز اسمبلی کے اسپیکر کی حیثیت سے عہدہ سنبھالنے کے سو سال پورے ہونے کی یاد میں کیا جا رہا ہے۔**

**29ریاستی اسمبلیوں کے اسپیکر صاحبان اور قانون ساز کونسلوں کے نائب چیئرمین اس کانفرنس میں شرکت کریں گے۔ دلّی اسمبلی کے اسپیکر وجیندر گپتا نے بتایا کہ وٹھّل بھائی پٹیل کی زندگی، پارلیمنٹ میں ان کی خدمات اور آزادی کی جنگ میں ان کے رول پر مبنی ایک خصوصی دستاویز اور ایک یادگاری ڈاک ٹکٹ جاری کیا جائے گا۔×**

**BREAK**

**یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔**

**GONG**

**Rev. Fiji PM -PM India Visit**

**فجی کے وزیر اعظم Sitiveni Ligamamada Rabuka کا آج سے بھارت کا تین روزہ دورہ شروع ہو رہا ہے۔ وہ آج صبح نئی دلّی پہنچے ہیں۔ تعلیم اور شمال مشرقی خطّے کی ترقی کی وزارت کے وزیر مملکت Sukanta Majumdar نے ہوائی اڈّے پر جناب Rabuka کا خیر مقدم کیا۔ فجی کے وزیر اعظم کے ہمراہ اُن کی اہلیہ Sulueti Rabuka بھی بھارت آئی ہیں۔ وفد نے صحت اور طبّی خدمات کے وزیر Ratu Atonio Lalabalavu اور سینئر عہدیداران شامل ہوں گے۔**

**وزارت خارجہ نے ایک بیان میں کہا ہے کہ وزیراعظم کی حیثیت سے جناب Rabuka کا بھارت کے لیے یہ پہلا دورہ ہوگا۔**

**نئی دلّی میں اپنے قیام کے دوران وہ کل وزیراعظم نریندر مودی کے ساتھ مذاکرات کریں گے۔ جناب Rabuka صدر جمہوریہ دروپدی مرمو سے بھی ملاقات کریں گے۔**

**اس دورے سے بھارت اور فجی کے درمیان دیرپا تعلقات کو تقویت ملے گی۔×**

**Mizorm CM PM Ekta Mall**

**میزورم کے وزیراعلیٰ Lalduhoma نے Aizwal کے Chawnpui میں PM EKTA Mall (Unity Mall) کا سنگِ بنیاد رکھا۔ 127 کروڑ روپے کی مالیت کا یہ پروجیکٹ، ریاستوں کو سرمایہ کاری کے لیے خصوصی مالی مدد کے تحت منظور کیا گیا ہے اور یہ طے شدہ مقام پر تیار کیا جائے گا۔ اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے جناب Lalduhoma نے کہا کہ Unity Mall کو بھارت کی ثقافت اور معاشی گوناگونیت کو پیش کرنے کے لیے تیار کیا جا رہا ہے۔**

جلد ہی تیار کئے جانے والے Aizwal Unity Mall میں 47 دکانیں ہوں گی، جن میں سے 36 دکانیں ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کے لیے مختص ہوں گی اور 11 دکانیں میزورم کے اضلاع کے لیے مختص ہوں گی۔

اس تقریب میں وزیراعلیٰ کے ساتھ سیاحت کے وزیر Lalnghinglova Hmar اور کامرس اور صنعت کے وزیر F.Rodingliana بھی موجود تھے۔

## Coal Minister Mineral

کوئلے کے مرکزی وزیر جی۔کشن ریڈی نے کہا ہے کہ مرکزی حکومت London Metal Exchangeکی طرز پر معدنیات کی تجارت سے متعلق ایک Exchange قائم کرے گی۔

حیدرآباد میں میڈیا سے بات کرتے ہوئے، انھوں نے کہا کہ معدنیات کی تجارت سے متعلق یہ SEBI Exchangeکے قواعد و ضوابط کے مطابق قائم کیا جائے گا۔

مجوزہ Mineral Exchangeکے صنعتوں، تاجروں اور دیگر شراکتداروں کے لیے بہتر قیمت کی سہولت فراہم کرنے کی توقع ہے۔ انھوں نے مزید کہا کہ یہ Mineral Exchange کی تشکیل حال ہی میں منظور کیے گئے ایک قانون کا حصہ ہے اور اس سلسلے میں متعلق رہنما خطوط جلد جاری کئے جائیں گے۔

امریکہ کی جانب سے لگائے گئے اضافی محصول پر انھوں نے کہا کہ ہماری کوئلے کی صنعت پر اس کا کوئی خاص اثر نہیں پڑے گا۔x

## Kerala Aviation Summit

دو روزہ کیرالہ Aviation Summit 2025 آج سے کوچی میں شروع ہو رہی ہے۔ یہ کوچین انٹرنیشنل ایئرپورٹ لمیٹڈ اور فیڈریشن آف انڈین چیمبرس آف کامرس اینڈ انڈسٹری (FICCI) کی جانب سے مشترکہ طور پر اِس کا انعقاد کیا جا رہا ہے۔ اِس سے ریاست کو عالمی شہری ہوابازی اور لاجسٹکس کے شعبے میں اختراع کو فروغ ملے گا اور شہری ہوابازی کے شعبے میں ریاست ایک اہم مرکز کے طور پر ابھر کر سامنے آئے گا۔

وزیراعلیٰ پِنارائی وِیجیَن اِس کی افتتاحی تقریب کے مہمانِ خصوصی ہوں گے۔ صنعتوں کے وزیر پی۔راجیو اِس کی صدارت کریں گے۔ اِس اجلاس میں ڈرون انٹی گریشن، شہری ہوابازی اور علاقائی رابطے کو مستحکم کرنے کے لیے سی۔پلین اور ہیلی کاپٹروں کے رول پر آٹھ پینل ڈسکَشن کا اہتمام کیا جائے گا جس میں ماہرین اس شعبے میں تبدیلی کے مواقع پر روشنی ڈالیں گے۔x

## Uttrakhand Rescue Operation

شدید بارش اور اس کے نتیجے میں ہونے والی تباہی کے بعد اتراکھنڈ کے چمولی ضلعے کے Tharaliمیں راحت اور بچاؤ کارروائیاں پورے زور و شور سے جاری ہیں۔ متاثرہ علاقوں میں 150 سے زیادہ افراد کو تحفظ فراہم کرنے کے لیے راحتی کیمپوں میں منتقل کیا گیا ہے۔ وزیر اعلیٰ پُشکر سنگھ دھامی نے جاری آفات کی کارروائیوں کا جائزہ لینے کے بعد افسروں کو ہدایت دی ہے کہ وہ فوری طور پر مدد فراہم کریں۔ انہوں نے اُن کنبوں کے لیے 5 لاکھ روپے کے معاوضے کا اعلان کیا ہے، جن کے گھروں کو نقصان پہنچا ہے اور جو بے گھر ہو گئے ہیں اور اتنی ہی رقم اُن کنبوں کو فراہم کرنے کا بھی اعلان کیا گیا، جن کے عزیز و اقارب سیلاب کی وجہ سے ہلاک ہوئے ہیں۔

وزیر اعلیٰ نے افسروں کو بھی ہدایت دی ہے کہ وہ راحتی سامان کی بروقت سپلائی کو یقینی بنائیں اور بے گھر لوگوں کی عارضی بازآبادکاری کے انتظامات کریں۔ ضلع مجسٹریٹ سندیپ تیواری نے بتایا کہ متاثرہ علاقوں میں بجلی اور موبائل کنیکٹی وِٹی بحال کر دی گئی اور ضروری طبّی سہولیات پورے طور سے فراہم کی جا رہی ہیں۔

**S/B - District Magistrate**

**US Bus Accident**

امریکہ میں ایک بھارتی شہری سمیت کم از کم 5 افراد اُس وقت ہلاک ہو گئے، جب Niagara سے نیویارک شہر لوٹنے والی ایک ٹورِسٹ بَس Buffalo کے باہر ایک شاہراہ پر حادثے کا شکار ہو گئی۔ اس میں 54 مسافر سوار تھے۔ یہ خطرناک حادثہ Buffalo کے نزدیک Pembrokeمیں Interstate 90 میں پیش آیا۔ نیویارک اسٹیٹ پولیس کے مطابق بَس Niagaraسے لوٹنے کے بعد نیویارک شہر لوٹ رہی تھی۔ اس بَس میں، بَس کمپنی کے دو ملازمین بھی شامل تھے۔ پولیس نے بتایا کہ بیشتر مسافر، بھارتی، چینی یا فلیپنز کے شہری تھے۔

×

**Rajasthan Flood**

انتہائی شدید بارش کی وجہ سے راجستھان کے کچھ مقامات پر سیلاب جیسی صورتحال ہے۔ کوٹہ ڈویژن سب سے زیادہ متاثر ہوا ہے۔ محکمہئ موسمیات نے آج کوٹہ اور Bundi ضلعوں میں انتہائی شدید بارش کے لیے ریڈ الرٹ جاری کیا ہے۔ اس کے علاوہNagaur ، ٹونک، پالی، اجمیر، بھیلواڑہ، Baranاور جھالاوار ضلعوں کے لیے اورینج الرٹ جاری کیا گیا ہے اور باقی ضلعوں کے لیے Yellow جاری کیا گیا ہے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

**V/C - Jitendra Dwivedi**

کوٹا، بوندی، ٹونک، سوائی مادھوپور اور باراں اضلاع موسلا دھار بارش سے سب سے زیادہ متاثر ہوئے ہیں۔ متعدد علاقے زیر آب ہیں۔ کچھ گاؤں کا رابطہ ضلعی ہیڈ کوارٹر سے منقطع ہوگیا ہے۔ موسلا دھار بارش کی وجہ سے دیہی اور شہری دونوں علاقے شدید طور پر متاثر ہوئے ہیں۔

سوائی مادھوپور میں ریل خدمات بھی متاثر ہوئی ہیں جبکہ کوٹا میں دلی۔ ممبئی ایکسپریس وے پر ٹریفک معطل ہے۔

NDRF، SDRFکے علاوہ فوج کو بھی علاقے میں امدادی اور بچاؤ کام میں لگایا گیاہے۔ کئی علاقوں میں پانی اور بجلی کی ترسیل بھی متاثر ہوئی ہے۔

جے پور سے جتیندر دویویدی کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں..............

**IMD Weather**

بھارت کے محکمہئ موسمیات نے مشرقی راجستھان میں آج موسلا دھار بارش کا ریڈ الرٹ جاری کیا ہے۔

محکمہئ موسمیات نے، ہریانہ، چنڈی گڑھ، دلی، اتراکھنڈ، راجستھان، مشرقی مدھیہ پردیش اور گجرات میں بھی موسلا دھار بارش کی پیشگوئی کی ہے۔

محکمہئ موسمیات نے بہار کے کچھ علاقوں جھارکھنڈ، چھتیس گڑھ، ہماچل پردیش، پنجاب، اترپردیش، جموں و کشمیر، لداخ، کونکن، گوا، وسطی مہاراشٹر، ناگالینڈ، منی پور، میزورم، تریپورہ، اڈیشہ، مغربی بنگال، سکم، اروناچل پردیش، آسام اور میگھالیہ میں شدید بارش کا امکان ظاہر کیا ہے۔

محکمہئ موسمیات نے بہار، مغربی بنگال، جموں وکشمیر، لداخ، کرناٹک، تلنگانہ، انڈمان اور نکوبار جزائر اور مغربی مدھیہ پردیش میں گرج چمک کے ساتھ بارش کی پیش گوئی کی ہے۔

**Rev. Asian Shooting**

قزاخستان کے **Shymkent** میں **16** ویں ایشین شوٹنگ چیمپئن شپ میں کل بھارت نے مکسڈ ایئر رائفل زمروں میں سونے کے سبھی تینوں تمغے جیت لیے ہیں۔ بھارتی نشانے بازوں نے سینئر، جونیئر اور یوتھ مکسڈ ٹیم مقابلوں میں بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کیا، جس سے بھارت تمغے حاصل کرنے میں سرِفہرست رہا۔

سینئر مکسڈ ٹیم کے **10** میٹر ایئر رائفل مقابلے میں **Elavenil Valarivan,** اور ارجن **Babuta**نے فائنل میں چین کی **Peng Xinlu** اور **Lu Dingke** کو **11** کے مقابلے **17** پوائنٹ سے ہرا کر سونے کا تمغہ حاصل کیا۔ مکسڈ ٹیم مقابلے میں، سونے کا تمغہ جیتنے والی **Elavenil Valarivan**کا چیمپئن شپ میں یہ دوسرا سونے کا تمغہ تھا۔

انہوں نے خواتین کے **10** میٹر ائیر رائفل مقابلے میں اپنا انفرادی تمغہ جیتا تھا۔

جونیئر مکسڈ ٹیم **10** میٹر ایئر رائفل میں **Shambhavi Kshirsagar** اور نارائن **Pranav** نے سونے کا تمغہ جیتنے کے لیے چین کی **Tang Huigi** اور **Han Yinan** کو ہرایا۔ یوتھ

مکسڈ ٹیم 10 میٹر ایئر رائفل میں Ameerah Arshad اور Anash Dabas نے فائنل میں کوریا کے Kim Minseo اور Shin Sungwoo کو ہرانے کے بعد اعلیٰ مقام حاصل کیا۔

بھارت سونے کے 23، چاندی کے 8 اور کانسے کے 10 تمغوں سمیت کُل 41 تمغے حاصل کرنے کے ساتھ تمغوں کی فہرست میں سب سے آگے ہے۔×

US Open Tennis

US Open Tennis کا 145 واں ایڈیشن نیویارک میں USTA Bille Jean King National Tennis Center میں آج سے شروع ہو رہا ہے۔

مردوں کے سنگلز میں عالمی نمبر ایک کھلاڑی اور دفاعی چیمپین اٹلی کے Jannik Sinner اس کی قیادت کریں گے۔ ان کے ساتھ عالمی نمبر دو کھلاڑی اسپین کے کارلوس الکاراز، چار بار US Open جیتنے والے نوواک جوکووِچ اور جرمنی کے Alexander Zverev بھی موجود ہوں گے۔

وہیں خواتین میں، بیلاروس کی Aryan Sabalenka اپنے 2024 کے خطاب کا دفاع کریں گی۔ ان کے ہمراہ Iga Swiatek ، 2023 کی فاتح Coco Gauff اور Mirra Andreeva Jessica Pegula اور Elena Rybakina سمیت دیگر سرکردہ کھلاڑیں ہوں گی۔

سبھی اس ٹورنامنٹ میں اپنے شاندار کھیل کا مظاہرہ کرنے کی منتظر ہیں۔

آج پہلے راؤنڈ میں، مردوں کے سنگلز میں Ben Shelton اور Ignacia Buse کے درمیان مقابلہ ہوگا جبکہ Emma Raducanu ، Ena Shibahara کا سامنا کریں گی۔x

خبریں ہماری ویب سائٹ news on air.com slash urdu: پر بھی دستیاب ہیں۔

GONG

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......عبد الواحد

شکریہ - آسیہ

قومی راجدھانی دلی سے شائع ہونے والے آج کے تقریباً تمام اردو اخباروں نے وزیراعظم نریندر مودی کے قومی خلائی مشن سے متعلق خطاب کو صفحہ اول پر جگہ دی ہے۔ روزنامہ ملاپ کی سرخی ہے، 2035 تک بھارت کا اپنا خلائی اسٹیشن ہوگا۔

وزیر خارجہ ایس جے شنکر کے روس سے تیل خریدنے کے معاملے پر بیان کو روزنامہ راشٹریہ سہارا نے نمایاں طور پر شائع کیا ہے۔ اخبار نے سرخی لگائی ہے، ”بھارت اپنی اسٹریٹیجک خود مختاری کے مطابق فیصلے کرتا رہے گا۔“

میزورم کے ریلوے نیٹ ورک سے جڑنے کی خبر کو بھی اخبارات نے نمایاں جگہ دی ہے۔ روزنامہ پرتاپ کی سرخی ہے، وزیراعظم 13 ستمبر کو ریلوے لائن کا افتتاح کریں گے۔

امریکی صدر ٹرمپ کی جانب سے بھارت میں نیا امریکی سفیر نامزد کرنے کی خبر کو بھی اخبارات نے نمایاں طور پر شائع کیا ہے۔ روزنامہ ہندوستان ایکسپریس کی سرخی ہے: سرجیو گور امریکی پارلیمنٹ سے توثیق کے بعد سنبھالیں گے عہدہ۔

اخبارات میں شائع ہونے والی اہم بین الاقوامی خبریں اس طرح ہیں:

_ ایران اور روس کے وزراء خارجہ کا ایران کے جوہری معاملے پر تبادلہ خیال۔

_ یرغمالیوں کے تبادلے کے لیے اسرائیل اور حماس میں مذاکرات کی تیاریاں شروع۔

_ شام کی نئی حکومت کا کرنسی تبدیلی کرنے کا فیصلہ۔

_ پنٹاگون کی خفیہ ایجنسی کے سربراہ عہدے سے برطرف۔

آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1- وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا۔ اصلاح، کارکردگی اور کایا پلٹ سے تحریک لیتے ہوئے بھارت، دنیا کو سست رفتار ترقی سے نکالنے میں مدد کرنے کی پوزیشن میں ہے۔

2- وزیر اعظم نے سائنسدانوں سے اپیل کی ہے کہ وہ گہرے خلا کی کھوج کی تیاری کریں، کیونکہ اب تک دریافت نہیں ہوئے اِن خلائی شعبوں میں انسانیت کے مستقبل کے لیے اہم راز پوشیدہ ہیں۔

3- مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ آج دلّی اسمبلی میں کُل ہند سطح کے اسپیکروں کی کانفرنس کا افتتاح کریں گے۔

4- فجی کے وزیر اعظم **Sitiveni Rabuka** کا آج سے بھارت کا تین روزہ دورہ شروع ہو رہا ہے۔

5- بھارت نے قزاخستان کے **Shymkent** میں ایشین شوٹنگ چیمپئن شپ میں مکسڈ ایئر رائفل مقابلے میں سونے کے تین تمغے حاصل کیے ہیں اور اب بھارتی ٹیم سونے کے 23، چاندی کے 8 اور کانسے کے 10 تمغوں کے ساتھ سرِ فہرست ہے۔

6- آج سے نیویارک میں **US** اوپن ٹینس مقابلے شروع ہو رہے ہیں۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

----------------------------------------